**مورخہ 20-06-2023**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | ریلوے نظام فعال بنانے سے خسارہ منافع میں تبدیل ہوسکتا ہے، گورنر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | نوجوانوں کا مستقبل تاریک کرنے والوں کو معاف نہیں کرسکتے، قدوس بزنجو | مشرق ودیگر اخبارات |
| 03 | 4389 نئی ملازمتیں تنخواہوں، پنشن میں اضافہ، بلوچستان کا 750 ارب روپے کا بجٹ پیش | مشرق ودیگر اخبارات |
| 04 | پرائمری وسیکنڈری تعلیم کیلئے 77 ارب روپے مختص 863 نئی آسامیاں تخلیق کی جائیں گی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 05 | زراعت کیلئے ترقیاتی مد میں 11 ارب روپے مختص کیے، وزیر خزانہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | انسانی اسمگلنگ کو روکنے کیلئے تمام اقدامات بروئے کار لائے جائیں گے، وزیر داخلہ | آزادی ودیگر اخبارات |
| 07 | مدارس اور علماء مغربی استعمار کی راہ میں رکاوٹ ہیں، مولانا عبدالواسع | مشرق ودیگر اخبارات |
| 08 | ماحول وماحولیاتی تبدیلی کے شعبے کے لئے ترقیاتی مد میں 22 کروڑ روپے مختص | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | انسداد منشیات کیلئے تمام وسائل بروئے کار لارہے ہیں، نوابزادہ شازین بگٹی | سینچری ودیگر اخبارات |
| 10 | فرانزک سائنسز انسٹیٹوٹ کے قیام کیلئے قانون سازی کی جائے گی، ڈاکٹر ربانہ بلیدی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | اپنے 4 سالہ دور اقتدار میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا دیا ہے، مٹھا خان کاکڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | بلوچستان میں امن وامان کیلئے 53 ارب روپے مختص کوسٹل ہائی وے کی حفاظت کیلئے 1033 نئی آسامیاں | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | بلوچستان کی پہلی سرمایہ کاری پالیسی پر کام جاری ون ونڈو سنٹر کی سہولت | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | وفاقی حکومت کی جانب سے بلوچستان میں مختلف ترقیاتی منصوبوں کیلئے خطیر رقم مختص | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کی کارروائی 2 لوکل بسوں کو خراب کنڈیشن کی وجہ سے بند کردیا | مشرق ودیگر اخبارات |
| 16 | جیب کتروں سے ہوشیار رہے اپنے قیمتی سامان کا خیال رکھیں، پولیس | مشرق ودیگر اخبارات |
| 17 | پولیس کو جدید دور کے مطابق تربیت دی جارہی ہے، عبدالخالق شیخ | مشرق ودیگر اخبارات |

## امن وامان

پولیس کا سماج دشمن عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن سنگین وارداتوں میں ملوث 17 ملزمان گرفتار، کالعدم تنظیم بی ایل ایف کا کمانڈر نواز علی رند اندرونی لڑائی میں مارا گیا، کوئٹہ چوروں نے گن پوائنٹ پر شہری کو نقدی سے محروم کردیا، کوئٹہ چار مطلوب ملزمان گرفتار، حب ساکران روڈ کے قریب فائرنگ سے پولیس اہلکار زخمی، خضدار کسٹم کی کارروائیاں پانچ ماہ میں کروڑوں روپے کا غیر ملکی سامان برآمد، نقدی اور موبائل چھین لئے گئے، کان مہترزئی کے قریب گاڑی سے 186 کلوگرام چرس برآمد، ٹیچر موٹر سائیکل سے محروم

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 20-06-2023

## عوامی مسائل

چمن شہر میں پرمٹ مافیا کا راج چینی قیمت میں بے انتحاشہ اضافے سے شہری پریشان، بیلہ سرکاری محکموں میں بھرتیوں کیلئے انٹرنیٹ ٹیسٹ کی تاخیر سے امیدوار مایوس، سول و لیبر ہسپتال میں ڈاکٹرز غائب مریض خوار اتائیوں کی چاندی، خضدار میں خورساختہ مہنگائی لوگوں کی زندگی اجیرن بنادی انتظامیہ ناکام، بلوچستان میں ہزاروں بچے ہوٹلز، گیراجوں اور دکانوں میں کام پر مجبور، نواں کلی روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ناقص سیوریج سسٹم تجاوزات کی بھرمار، بجلی کے بھاری بھرکم بل متوسط وغریب صارفین کی چیخیں نکل گئیں، آوارہ کتوں کی بھرمار 10 افراد کو کاٹ لیا،

## اداریہ:

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے " **سیکورٹی فورسز کی دوبڑی کامیابیاں** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ ملک کی سیکورٹی فورسز کو درہ آدم خیل میں دہشت گردوں کیخلاف آپریشن میں ایک اور اہم کامیابی ملی ہے جس میں انتہائی مطلوب کمانڈر ظفر عرف ظفری اپنے دوساتھیوں حسن خان اور انس سمیت مارا گیا 26 گرینڈ حملوں میں ملوث یہ شخص درہ آدم خیل کا رہائشی تھا اور 22 مئی کو افغانستان کے صوبہ ننگرہار سے پشاور پہنچا تھا دوسری اطراف کالعدم تنظیم دہشتگر و تنظیم بلوچ لبریشن فرنٹ کا کمانڈر نواز علی رند اپنی اندرونی لڑائی میں مارا گیا بلوچستان کے علاقے آواران سے تعلق رکھنے والا یہ شخص 2014ء میں بی ایل ایف کا رکن بنا اور سیکورٹی فورسز پر متعدد حملوں میں مطلوب تھا، گزشتہ دنوں ایک گروپ کی جانب سے ہتھیار ڈالنے پر غور وخوض کی بازگشت بھی سنی گئی ملک کو دہشت گرد کے خاتمے تک سیکورٹی فورسز ان پر اپنا یہ دباؤ برقرار رکھتے ہوئے ملک کو دہشت گردی سے مکمل طور پر پاک کرنے میں کامیاب ہونگی،

## اداریے:

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Breast cancer" عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**مالی مسائل وزیر اعلیٰ بلوچستان کا مبنی بر حقیقت موقف** " عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**بلوچستان کے عوام کے مسائل کاحل ھماری ذمہ داری اور فرض ھے** " عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ 92 نیوز کوئٹہ نے "**کالعدم بی ایل ایف کمانڈر کی ھلاکت** " عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**در گئی شبو زئی تا تونسہ موسی خیل زیر تعمیر بین الصوبائی شاھراہ** " عنوان سے امیر جان لونی کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

## ریلوے نظام فعال بنانے سے خسارہ منافع میں تبدیل ہوسکتا ہے، گورنر

**کمرشل اور انڈسٹریل زمینوں کو کام میں لایا جائے، لوکل ٹرین کی فعالیت بھی فائدہ مند ہوگی**

کوئٹہ (ج ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ اگر بلوچستان میں ریلوے کے نظام کو فعال بنایا جائے، مسافر اور مال گاڑیوں کو ہمسایہ ممالک تک رسائی دی جائے تو ریلوے کے خسارے کو منافع میں تبدیل کیا جا سکتا ہے، انہوں نے وضاحت کی کہ کوئٹہ تو چمن، ہرنائی تو سبی اور دیگر چھوٹے فاصلوں پر ٹرین چلا کر ایک جانب عوام کی سفری ضروریات کو پورا کیا جا سکتا ہے اور دوسری جانب مختلف اضلاع میں پیدا ہونے والی اشیاء کی مارکیٹ تک رسائی یقینی بنائی جا سکتی ہے، اسطرح صوبہ آمدورفت اور نقل وحمل کیلئے ریلوے بہترین ذریعہ ثابت ہوسکتا ہے، یہ بات انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ڈی ایس ریلوے فرید احمد سے ملاقات کے دوران بات چیت میں کہی، اس موقع پر گورنر ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ پورے خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال میں کوئٹہ سے سینٹرل ایشیا تک ریلوے نیٹ ورک کی ترقی کے امکانات روشن ہیں جبکہ کوئٹہ تو زاہدان ریلوے لائن پہلے سے موجود ہے اور اسے جدید تقاضوں کے مطابق مزید فعال اور بہتر بنایا جا سکتا ہے، گورنر بلوچستان نے کہا کہ پاکستان ریلوے کے پاس ہزاروں ایکڑ کمرشل اور انڈسٹریل زمینیں موجود ہیں ضروری ہے کہ انہیں کام میں لایا جائے اور لیز پر دینے کے عمل میں نجی شعبے کو شریک کیا جائے تو اس کی آمدن بے تحاشا اضافہ کیا جا سکتا ہے، انہوں نے اس بات کی نشاندہی کی کہ ریلوے کا سبی تو ہرنائی سیکشن برطانوی دور میں بھی بہت فعال تھا اور علاقے میں زرعی پیداوار، لائیو سٹاک اور معدنیات کی ترقی کا اہم ذریعہ تھا، آج بھی علاقے میں ریلوے ٹریک کو فعال کر کے یہاں نقل وحمل توجہ دی جائے تو متصل اضلاع میں معیشت کو زبردست فائدہ ہوسکتا ہے، گورنر بلوچستان نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے وسیع رقبے میں بکھری ہوئی آبادیوں کے درمیان ربط کو مضبوط بنانے، آمدورفت اور ٹرانسپورٹیشن کو ترقی دینے، شہریوں کو سفری سستی اور محفوظ سہولیات فراہم کرنے اور روزگار کے نئے مواقعوں میں اضافہ کرنے کیلئے کچلاغ تو کولپور روزانہ کی بنیاد پر چلنے والی لوکل ٹرین کی فعالیت سب کیلئے فائدہ مند ہوسکتی ہے، موجودہ وفاقی وزیر ریلوے سعد رفیق پاکستان بھر میں ریلوے کے نظام بہتر بنانے کے حوالے سے خاص شہرت رکھتے ہیں اور ہمارا خیال ہے کہ وہ اپنی توجہ بلوچستان پر مرکوز کریں تو اہلیان بلوچستان بھی ان کی مخلصانہ کاوشوں سے مستفید ہوسکتے ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

## نظام کو فعال بنا کر ریلوے کے خسارے کو منافع میں تبدیل کیا جا سکتا ہے، عبدالولی کاکڑ

کوئٹہ تو چمن، ہرنائی تو سبی اور دیگر چھوٹے فاصلوں پر ٹرین چلا کر ایک جانب عوام کی سفری ضروریات کو پورا کیا جا سکتا ہے، گورنر بلوچستان

ہماری خوش قسمتی ہے کہ پورے خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال میں کوئٹہ سے سینٹرل ایشیا تک ریلوے نیٹ ورک کی ترقی کے امکانات روشن ہیں

**کوئٹہ تو چمن، ہرنائی تو سبی اور دیگر چھوٹے فاصلوں پر ٹرین چلا کر عوام کی سفری ضروریات کو پورا کیا جا سکتا ہے، ڈی ایس ریلوے سے گفتگو**

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ اگر بلوچستان میں ریلوے کے نظام کو فعال بنایا جائے، مسافر اور مال گاڑیوں کو ہمسایہ ممالک رسائی دی جائے تو ریلوے کے خسارے کو منافع میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ کوئٹہ تو چمن، ہرنائی تو سبی اور دیگر چھوٹے فاصلوں پر ٹرین چلا کر ایک جانب عوام کی سفری ضروریات کو پورا کیا جا سکتا ہے اور دوسری جانب مختلف اضلاع میں پیدا ہونے والی اشیا کی مارکیٹ تک رسائی کو یقینی بنائی جا سکتی ہے۔ اسطرح صوبے آمدورفت اور نقل وحمل کیلئے ریلوے بہترین ذریعہ...... بقیہ نمبر 41 صفحہ 9 پر

ثابت ہوسکتا ہے۔ یہ بات انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ڈی ایس ریلوے فرہد احمد سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ پورے خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال میں کوئٹہ سے سینٹرل ایشیا تک ریلوے نیٹ ورک کی ترقی کے امکانات روشن ہیں جبکہ کوئٹہ تو زاہدان ریلوے لائن پہلے سے موجود ہے اور اسے جدید تقاضوں کے مطابق مزید فعال اور بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ پاکستان ریلوے کے پاس ہزاروں ایکڑ کمرشل اور انڈسٹریل زمینیں موجود ہیں۔ ضروری ہے

## گورنر بلوچستان کا یونان میں کشتی حادثہ پر اظہار افسوس

**معاشی بحالی کے بعد نوجوان روزگار کیلئے ایسے خطرے مول لینے پر مجبور نہیں ہونگے**

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے یورپی ملک یونان میں کشتی حادثے کے نتیجے میں متعدد پاکستانی شہریوں کے جاں بحق ہونے پر دلی دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ جلد از جلد معاشی بحالی اور ترقی کے بعد وطن عزیز کے نوجوان روزگار کی تلاش میں ایسے خطرناک مول لینے پر مجبور نہیں ہونگے۔ اپنے ایک تعزیتی بیان...... بقیہ نمبر 51 صفحہ 9 پر

ن میں انہوں نے کہا کہ پروردگار جاں بحق ہونے والوں کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر وہمت دے۔ آخر میں گورنر بلوچستان نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ملک وقوم کو معاشی مشکلات سے باہر نکالے اور آئندہ ہمارے نوجوانوں کو روزگار کے حصول کیلئے ایسے خطرات سے محفوظ رکھے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1 DATE: 20 JUN 2023 Page No: 2

# Governor grieved over Greece boat tragedy

Staff Report

**QUETTA**: Balochistan Governor Malik Abdul Wali Khan Kakar has expressed his heartfelt sorrow and regret over the death of several Pakistani citizens as a result of a boat accident in the European country of Greece.

He expressed hope that after the economic recovery and development as soon as possible, the youth of the country will not be forced to take such dangerous measures in search of employment. In his condolence statement, he said that may God forgive those who lost their lives and give patience and courage to the bereaved. In the end, the governor of Balochistan prayed that Allah Ta'ala would bring the country and the nation out of economic difficulties and protect our youth from such dangers for getting employment in the future.

Balochistan Chief Minister Mir Abdul Qudous Bizenjo has expressed grief and sorrow over the martyrdom of headmaster Garjak High School Mishke Manzoor Ahmed by unknown persons. Targeting the teacher as a target of terrorism has proved the hostility towards education. Those who try to darken the future of the youth of the province are enemies of the nation who will not be forgiven under any circumstances.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 20 JUN 2023 Page No: 3


## نوجوانوں کا مستقبل تاریک کرنیوالوں کو معاف نہیں کرسکتے، قدوس بزنجو

**دہشتگردوں نے تعلیم دشمنی کا ثبوت دیا، ہیڈ ماسٹر مشکے کی شہادت پر دکھ، ڈاکوؤں کی گرفتاری پر پولیس کو شاباش**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ہیڈ ماسٹر گرجک ہائی اسکول مشکے منظور احمد کی نامعلوم افراد کی فائرنگ سے شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردوں نے ہمارے بچوں کے مستقبل کی تعمیر کرنے والے استاد کو دہشت گردی کا نشانہ بنا کر تعلیم دشمنی کا ثبوت دیا ہے، صوبے کے نوجوانوں کا مستقبل تاریک کرنے کی کوشش کرنے والے قوم کے دشمن ہیں جنہیں کسی صورت معاف نہیں کیا جائیگا۔ وزیراعلیٰ نے شعبہ تعلیم کے لئے منظور احمد شہید کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انکے خاندان سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے سرکی روڈ کوئٹہ میں ڈاکوؤں کے خلاف پولیس مقابلے میں ایک ڈاکو کی ہلاکت اور دوسرے ڈاکو کی زخمی حالت میں گرفتاری پر پولیس پارٹی کی کارکردگی کو سراہا اور ایس ایچ او انڈسٹریل تھانہ اور انکے عملے کو شاباش دی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پولیس پارٹی نے جس جرات و بہادری کا مظاہرہ کیا وہ قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اور سیکورٹی کے دیگر ادارے سماج دشمن عناصر کی سرکوبی کیلئے خدمات انجام دے رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے مقابلے میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایس ایچ او انڈسٹریل تھانہ شہزاد احمد کے زخمی ہونے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انکی جلد صحتیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

## بلوچستان کابینہ نے صوبائی بجٹ کی اتفاق رائے سے منظوری دیدی

**ایڈیشنل چیف سیکرٹری کی ترقیاتی پروگرام سے متعلق بریفنگ، وزیراعلیٰ نے بجٹ دستاویزات پر دستخط کئے**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے بجٹ اجلاس میں آئندہ مالی سال 223۔ 24 کے صوبائی بجٹ کی منظوری دے دی گئی۔ سیکرٹری خزانہ کمبر دشتی نے کابینہ کو صوبائی محاصل، اخراجات اور آئندہ مالی سال کے بجٹ کے اعداد و شمار اور خدوخال پر جبکہ ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات حافظ عبدالباسط نے کابینہ کو آئندہ مالی سال کے ترقیاتی پروگرام سے متعلق بریفنگ دی۔ بلوچستان کابینہ نے مالی سال 2023۔ 24 کے صوبائی بجٹ کی اتفاق رائے سے منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے بجٹ دستاویزات پر دستخط کئے، بعدازاں صوبائی وزیر خزانہ انجینئر زمرک خان اچکزئی نے بجٹ صوبائی اسمبلی میں پیش کیا۔

## تاریخی بجٹ پیش کیا، کوئی احتجاج یا شور شرابا نہیں ہوا، وزیراعلیٰ

**حکومت کی کامیاب پالیسیوں کا نتیجہ ہے کہ تمام لوگوں نے بجٹ کو تسلی سے سنا، صحافیوں سے گفتگو**

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے تاریخی بجٹ پیش کیا ہے ایوان میں کسی قسم کا احتجاج یا شور شرابا نہیں ہوا۔ یہ بات انہوں نے بلوچستان اسمبلی کی لابی میں غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ وزیراعلیٰ پراعتماد انداز میں کہا کہ بلوچستان حکومت نے تاریخی بجٹ پیش کیا ہے جس کی واضح مثال یہ ہے کہ ایوان میں اپوزیشن یا ارکان کی جانب سے کسی قسم کا احتجاج یا شور شرابا نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ حکومت کی کامیاب پالیسیوں کا نتیجہ ہے کہ تمام لوگوں نے بجٹ کو تسلی سے سنا۔

MASHRIQ QUETTA

## ماسٹر منظور احمد کی شہادت پر اظہار افسوس، دہشتگردوں نے استاد کو نشانہ بنا کر تعلیم دشمنی کا ثبوت دیا، عبدالقدوس بزنجو

**صوبے کے نوجوانوں کا مستقبل تاریک کرنے کی کوشش کرنے والے قوم کے دشمن ہیں جنہیں کسی بھی صورت معاف نہیں کیا جائیگا، وزیراعلیٰ بلوچستان**

کوئٹہ میں ڈاکوؤں کے خلاف پولیس مقابلے میں ایک ڈاکو کے ہلاک اور دوسرے ڈاکو کی زخمی حالت میں گرفتاری پر پولیس پارٹی کی کارکردگی قابل تحسین ہے

**وزیراعلیٰ کا ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایس ایچ او انڈسٹریل تھانہ شہزاد احمد کے زخمی ہونے پر دکھ، انکی جلد صحتیابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ہیڈ ماسٹر گرجک ہائی اسکول مشکے منظور احمد کی ........ بقیہ 27 صفحہ نمبر 9 پر

نامعلوم افراد کی فائرنگ سے شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ دہشت گردوں نے ہمارے بچوں کے مستقبل کی تعمیر کرنے والے استاد کو دہشت گردی کا نشانہ بنا کر تعلیم دشمنی کا ثبوت دیا ہے صوبے کے نوجوانوں کا مستقبل تاریک کرنے کی کوشش کرنے والے قوم کے دشمن ہیں جنہیں کسی صورت معاف نہیں کیا جائیگا وزیراعلیٰ نے شعبہ تعلیم کے لئے منظور احمد شہید کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انکے خاندان سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے سرکی روڈ کوئٹہ میں ڈاکوؤں کے خلاف پولیس مقابلے میں ایک ڈاکو کے ہلاک اور دوسرے ڈاکو کی زخمی حالت میں گرفتاری پر پولیس پارٹی کی کارکردگی کو سراہا ہے اور ایس ایچ او انڈسٹریل تھانہ اور انکے عملے کو شاباش دی ہے

## وزیراعلیٰ کی زیر صدارت کابینہ کا اجلاس 4 کی صوبائی بجٹ کی منظوری

**سیکرٹری خزانہ قمر دشتی نے کابینہ کو بجٹ کے اعداد و شمار اور خدوخال پر بریفنگ دی**

**بلوچستان کابینہ نے 2023-24 کے صوبائی بجٹ کی اتفاق رائے سے منظوری دی**

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے اجلاس میں مالی سال 2023-24 کی صوبائی بجٹ کی منظوری دے دی گئی۔ پیر کو وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلا........ بقیہ 28 صفحہ نمبر 9 پر

س منعقد ہوا جس میں سیکرٹری خزانہ قمر دشتی نے کابینہ کو صوبائی محاصل اور اخراجات اور آئندہ مالی سال کے بجٹ کے اعداد و شمار اور خدوخال پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات حافظ عبدالباسط کی کابینہ کو آئندہ مالی سال کے ترقیاتی پروگرام سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ جس کے بعد بلوچستان کابینہ نے مالی سال 2023-24 کے صوبائی بجٹ کی اتفاق رائے سے منظوری دے دی گئی۔

## وزیراعلیٰ کی امان اللہ کنرانی کو قائم مقام صوبائی کمشنر بوائے اسکاؤٹس تعیناتی پر مبارکباد

کوئٹہ (خ ن)۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے سینئر ایڈووکیٹ سپریم کورٹ امان اللہ کنرانی ........ بقیہ 9 صفحہ نمبر 9 پر

کو قائم مقام صوبائی کمشنر بلوچستان بوائے اسکاؤٹس ایسوسی ایشن تعینات ہونے پر مبارکباد دی ہے وزیراعلیٰ نے امان اللہ کنرانی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سینئر ایڈووکیٹ کی تعیناتی سے بوائے سکاوٹ ایسوسی ایشن میں مثبت تبدیلیاں آئیں گی اور ایسوسی ایشن کی کارکردگی میں بھی نمایاں اضافہ ہوگا واضح رہے کہ صوبائی کمشنر بلوچستان بوائے اسکاؤٹس ایسوسی ایشن کی مقررہ مدت پوری ہونے پر سینئر ایڈووکیٹ سپریم کورٹ امان اللہ کنرانی کو قائم مقام صوبائی کمشنر تعینات کیا گیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

DATE: 20 JUN 2023

Bullet No. 1

Page No: 7


## مدارس اور علماء مغربی استعمار کی راہ میں رکاوٹ ہیں' مولانا عبدالواسع

**کفری قوتوں کی مسلمانوں کیخلاف سازشوں کو ملکر ناکام بنانا ہوگا' مولانا عبدالصمد و دیگر کا جلسے سے خطاب**

زیارت (پ ر) دینی مدارس اسلام کے مضبوط قلعے ہیں، مدارس دینی علوم کی ترویج میں بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ کفری طاقتیں مدارس کیخلاف زہرافشانی کر کے مدارس کو بدنام کرنا چاہتی ہیں، دینی قوتیں کفری طاقتوں کے خلاف متحد ہو کر مدارس اور مسلمانوں کے خلاف سازشوں کو ناکام بنانے میں کردار ادا کریں، ان خیالات کا اظہار وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع، سابق صوبائی وزیر اور مہتمم جامعہ مولانا عبدالصمد اخوندزادہ، حافظ محمود حامد، رکن اسمبلی حاجی محمد نواز کاکڑ، حاجی دلاور خان کاکڑ، حافظ محمود حامد، حافظ خلیل احمد، مولوی شیر جان حمزہ، مولوی امان اللہ، مولوی نصیب اللہ، مولوی جمیل احمد، مولوی نور الحق، صاحبزادہ محب اللہ، مولوی شاہ محمد، مولوی نور محمد صفدر، ملا باز محمد و دیگر نے منہ زیارت میں جامعہ اسلامیہ بحر العلوم منہ کے زیر اہتمام سالانہ جلسہ دستار بندی سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر مولانا عبدالواسع نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دینی مدارس اسلام کی موثر چھاؤنیاں ہیں، جنکی حفاظت کے لئے کسی قربانی سے کوئی دریغ نہیں کیا جائے گا۔ آج بھی مدارس کے خلاف سازشیں ہو رہی ہیں اور یہ سازشیں عروج پر ہیں، دینی قوتوں نے ہر محاذ پر ان سازشوں کو ناکام بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ برصغیر پاک و ہند میں دین اسلام کی تبلیغ، ترویج اور اشاعت کے سلسلے میں علماء دیوبند کا کردار مثالی اور روز روشن کی طرح عیاں ہے۔ علماء دیوبند نے جیل کی صعوبتیں و تکالیف برداشت کیں اور سخت اور ناموافق حالات میں بھی دین اسلام کی اشاعت کا فریضہ مکمل جانفشانی کے ساتھ سرانجام دیا۔ موجودہ حالات میں دینی مدارس کی حفاظت اس حوالے سے بڑھ گئی ہے کہ یہود و نصاریٰ کے گٹھ جوڑ نے اسلام کو مٹانے کے لئے سازشوں کا جال بچھا دیا ہے اور دینی مدارس انکے خاص نشانے پر ہیں۔ مدارس اور علماء حق ہی مغربی استعمار کی راہ میں رکاوٹ ہیں، علماء حق نے پوری زندگی دین اسلام کیلئے وقف کی ہوئی ہے۔ اس موقع پر مدرسے کے مہتمم سابق صوبائی وزیر مولانا عبدالصمد اخوندزادہ نے مدرسہ کی جائزہ رپورٹ پیش کرتے ہوئے کہا کہ مدرسہ عربیہ بحر العلوم منہ کی بنیاد شیخ الحدیث مولانا جان محمد مرحوم نے 1961 میں رکھی تھی، اس وقت سے لیکر اب تک ہزاروں کی تعداد میں طلباء فارغ ہو چکے ہیں اور اب بھی مدرسہ دینی علوم کی ترویج میں بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالم اسلام میں نفرت اور تعصب پیدا کرنے والے اس کے خیرخواہ نہیں ہو سکتے، ملت اسلامیہ ایک جسم کی مانند ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالات کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے تمام مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ دینی مدارس اور علماء کے ہاتھ مضبوط کریں اور اسلام کے خلاف ہونے والی سازشوں کو ناکام بنائیں تاکہ دنیا بھر کے مسلمان سکون سے زندگی گزار سکیں۔

## ماحول و ماحولیاتی تبدیلی کے شعبے کیلئے ترقیاتی مد میں 22 کروڑ روپے مختص

**سالڈ ویسٹ کے مسئلہ پر قابو پانے کیلئے فزیبلٹی اسٹڈی ہوگی، 40 اینٹوں کے بھٹے جدید ٹیکنالوجی پر منتقل**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان کے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں ماحول و ماحولیاتی تبدیلی کے شعبے کے لیے ترقیاتی مد میں 22 کروڑ روپے اور غیر ترقیاتی مد میں 49 کروڑ 28 لاکھ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ صوبائی وزیر خزانہ انجینئر زمرک خان نے پیر کو بجٹ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان ماحولیاتی تبدیلی سے متاثر ہونے والا پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے۔ سال 2022 میں ہونے والی بارشوں سے آنے والے سیلاب نے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں تباہی مچائی۔ بڑے پیمانے پر انفراسٹرکچر کو تباہ ہوا۔ محکمہ ماحولیاتی تبدیلی و ماحولیات کے ماتحت بلوچستان انوائرمینٹل پروٹیکشن ایجنسی صوبہ بھر میں ماحولیاتی قوانین کے نفاذ کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات اٹھا رہی ہے۔ گرین ہاؤس گیسز کے اخراج اور اثرات کو کم کرنے کے لیے صوبہ بھر میں کام کرنے والی صنعتوں میں سکربیرز لگوائے جا رہے ہیں۔ سمندری آلودگی کو ختم کرنے کے لیے متعلقہ صنعتوں میں ٹریٹمنٹ پلانٹ نصب کرائے جا رہے ہیں۔ چالیس کے قریب اینٹوں کے بھٹوں کو دور حاضر کی جدید ٹیکنالوجی پر منتقل کیا گیا۔ حکومت بلوچستان کے پی ایس ڈی پی پروگرام کے تحت انوائرمینٹل پروٹیکشن ایجنسی نے ایک اسٹیشن خریدا ہے جو حب اور گوادر میں ایئر کوالٹی انڈیکس کے تعین ماحول میں موجود زہریلی گیسوں کا معائنہ کرے گا اور اس کے تدارک کے لیے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ حکومت بلوچستان کے پی ایس ڈی پی پروگرام کے تحت کوئٹہ، حب، لورالائی اور ژوب میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ مسئلے کو حل کرنے کے لیے ایک فزیبلٹی اسٹڈی کرائی جا رہی ہے تاکہ ان اضلاع میں سالڈ ویسٹ کے مسئلہ پر قابو پایا جا سکے۔ حکومت بلوچستان نے بلوچستان انوائرمینٹل ایجنسی کے استعداد کار کو بڑھانے کے لیے پی ایس ڈی پی 23-2022 میں دس کروڑ کی روپے کی رقم مختص کی تھی۔ کوئٹہ شہر کے تمام سرکاری و نجی ہسپتالوں سے نکلنے والے زہریلے اور نقصاندہ فضلے کی نگرانی اور ٹھکانے لگانے کے عمل پر انوائرمینٹل ایجنسی مستعدی سے کام کر رہی ہے۔ گڈانی میں موجود شپ بریکنگ یارڈ کی مسلسل نگرانی کو یقینی بنایا گیا ہے تاکہ ماضی جیسے کسی بھی خطرناک حادثے سے بچا جا سکے۔ رواں سال کے پبلک سیکٹر پروگرام کے تحت بلوچستان انوائرمینٹل ایجنسی کے ماتحت ایک کلائمٹ چینج یونٹ بنایا جائے گا جو صوبہ میں وقوع پذیر ہونیوالی ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات کم کرنے کے لیے کام کرے گا۔

## ویٹرنری انسٹیٹیوٹ تربت کے قیام کی تجویز' امور حیوانات کے شعبے کیلئے 5.1 ارب مختص

**دیسی مرغبانی کے فروغ کے منصوبے پر عمل جاری' ویٹرنری ریسرچ سینٹر اور ویکسین لیبارٹری کے قیام کا آغاز**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان کے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں امور حیوانات کے شعبے کے لئے ترقیاتی مد میں 1.5 ارب روپے اور غیر ترقیاتی مد میں 5 ارب 4 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ صوبائی وزیر خزانہ انجینئر زمرک خان نے پیر کو بجٹ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی زیادہ تر آبادی کا تعلق بالواسطہ یا بلاواسطہ لائیو اسٹاک سے منسلک ہے۔ وزیر اعظم پاکستان پروگرام کے تحت بلوچستان میں دیسی مرغبانی کے فروغ کے لئے 32 کروڑ روپے اور 63 کروڑ روپے کی لاگت سے بھیڑ بکریوں کو فربہ کرنے کے منصوبوں پر عمل جاری ہے اور امسال اس کی مد میں مختلف اضلاع گوادر، ڈیرہ بگٹی، پنجگور، نصیر آباد، جھل مگسی، ہرنائی، جعفر آباد اور شیرانی کے 2800 بیواؤں اور نادار غریب خاندانوں میں 28 ہزار مرغیاں تقسیم کی ہے۔ بھیڑ بکریوں میں امراض کے تدارک کے منصوبے کے لئے 10 کروڑ روپے سے اسکیم کی تجویز ہے۔ مالی سال 24-2023 میں اس شعبے کے لئے ترقیاتی مد میں 1.5 ارب روپے اور غیر ترقیاتی مد میں 5 ارب 4 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 20 JUN 2023 Page No: 8

# انسداد منشیات کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، نوابزادہ شازین بگٹی

## نئی نسل کو اس ناسور سے بچائیں گے، مختلف بحالی مراکز میں نشے کے عادی افراد کا علاج مخصوص دوا سے کیا جا رہا ہے، وفاقی وزیر برائے انسداد منشیات کا تقریب سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نئی نسل کو منشیات کے ناسور سے بچانے کیلئے بھرپور کوششیں کی جارہی ہیں یہ بات وفاقی وزیر برائے انسداد منشیات نوابزادہ شازین بگٹی نے اے این ایف اور دیگر اداروں کی جانب سے قبضے میں لی گئی 86 میٹرک ٹن منشیات نذر آتش کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ انسداد منشیات میں اینٹی نارکوٹکس فورس کا اہم کردار ہے منشیات کا کاروبار کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت منشیات کے عادی افراد کے لئے پاکستان میں قائم مختلف بحالی مراکز میں منشیات میں مبتلا لوگوں کے علاج معالجے کے لئے استعمال ہونے والی مخصوص دوائی کو استعمال کرنے کی کوشش کر رہی ہیں جس سے دنیا کے بہت سے ملکوں میں کامیابی کے ساتھ علاج کیا جارہا ہے اس دوائی کو استعمال کرنے کے لئے مخصوص سینٹر قائم کئے جائیں گے تاکہ اس دوائی کو کوئی غلط استعمال نہ کر سکے۔ قبل ازیں ڈائریکٹر جنرل اینٹی نارکوٹکس فورس میجر محمد عتیق الرحمن نے پاکستان اینٹی نارکوٹکس فورس کی جانب سے منشیات کے تدارک کے لئے پاکستان اور پوری دنیا میں اپنے سٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر اٹھائے گئے اقدامات کے بارے میں شرکاء کو تفصیلی آگاہی دی۔ اس دوران بیوٹمز کے طلباء نے منشیات کے خلاف ٹیبلو پیش کئے اور گلوکاروں نے اپنے فن کا بھی مظاہرہ کیا تقریب میں سیکرٹری، ریجنل ڈائریکٹر اینٹی نارکوٹکس فورس، ڈی آئی جی پولیس بلوچستان، سربراہ آر ڈی بلوچستان، ملک کے مایہ ناز کرکٹرز، سینئر فنکاروں کے علاوہ اور یونیورسٹیز کے طلباء اور متعلقہ ایجنسیز کے اہلکار موجود تھے۔

# فرانزک سائنسز انسٹیٹیوٹ کے قیام کیلئے قانون سازی کی جائیگی، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

## انسٹی ٹیوٹ کے قیام سے بلوچستان کا انحصار پنجاب فرانزک لیبارٹری سے ختم ہوگا، پارلیمانی سیکرٹری قانون کی بات چیت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پارلیمانی سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کہ بلوچستان میں قائم ہونے والے اس پہلے فرانزک سائنسز انسٹیٹیوٹ کے قیام کے لیے حکومت ہر ممکن تعاون کرے گی انسٹیٹیوٹ سے متعلق قانونی سازی کے لئے بل قانون ساز اسمبلی میں لایا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے سابق آئی جی ڈاکٹر سید کلیم امام سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں کوئٹہ میں نیشنل انسٹیٹیوٹ آف فرانزک سائنسز کے قیام سے متعلق بریفنگ دی اور اس ضمن میں ضروری قانون سازی پر تبادلہ خیال کیا، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ بلوچستان میں قائم ہونے والے اس پہلے فرانزک سائنسز انسٹیٹیوٹ کے قیام کے لیے صوبائی حکومت نے مناسب جگہ فراہم کردی ہے اور ہر ممکن تعاون بھی کرے گی ضروری کارروائی کے بعد اس انسٹی ٹیوٹ سے متعلق قانونی سازی کے لئے بل قانون ساز اسمبلی میں لایا جائے گا انہوں نے کہا کہ اس انسٹی ٹیوٹ کے قیام سے بلوچستان کا انحصار پنجاب فرانزک لیبارٹری سے ختم ہوگا اور کوئٹہ میں ہی فرانزک امور سے متعلق معاملات کو نمٹایا جاسکے گا اس موقع پر ڈاکٹر سید کلیم امام نے بتایا کہ نیشنل انسٹیٹیوٹ آف فرانزک سائنسز سے متعلق ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے ساتھ ایم او یو طے پاچکا ہے جبکہ چارٹر میں تمام انتظامی اور ٹیکنیکی امور کی وضاحت کردی گئی ہے تاہم حتمی قانون سازی سے قبل صوبائی حکومت کی جانب سے دی گئی تجاویز شامل دستاویزات کی جاسکتی ہیں اس انسٹیٹیوٹ میں وائس چانسلر اور پروفیسرز سمیت بلوچستان سے چھ اعلیٰ کوالیفائیڈ پروفیشنلز کی خدمات حاصل کی جائیں گی اس منصوبے سے نہ صرف مقامی سطح پر فرانزک سے متعلق ٹیکنیکی و تدریسی امور کی سہولیات میسر آئیں گی بلکہ بلوچستان کے باصلاحیت مقامی افراد کو روزگار کے مواقع بھی میسر آسکیں گے۔

MASHRIQ QUETTA

# اپنے 4 سالہ دور اقتدار میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا دیا ہے، مٹھا خان کاکڑ

## میں بلارنگ ونسل عوام کی خدمت کرتا رہونگا، ژوب کے محکموں میں آٹھ سو سے زائد بے روزگاروں کو نوکریاں دیں

## ترقیاتی کاموں کی وجہ سے آئے روز لوگ جوق در جوق مٹھا خان کاروان میں شامل ہو رہے ہیں، مشیر اطلاعات کا خطاب

ژوب (آن لائن) سرکٹ ہاؤس ژوب میں پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں کمشنر ژوب ڈویژن سعید احمد عمرانی، ڈپٹی کمشنر ژوب محمد عظیم کاکڑ، ڈی ایچ او ڈاکٹر مظفر شاہ، چیئرمین میونسپل کمیٹی سردار ناصر خان ناصر، ڈپٹی چیئرمین داود خان مندوخیل کونسلرز اور قبائلی معتبرین نے کثیر تعداد میں شرکت کی صوبائی مشیر اطلاعات حاجی مٹھا خان کاکڑ کا مختلف اقوام سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں میں محکمہ صحت کے آرڈر تقسیم کے پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میرے 4 سالہ دور اقتدار میں ژوب کے انتظامی اور دیگر محکموں میں بیروزگار نوجوانوں میں 8 سو سے زائد تعیناتی کے آرڈرز تقسیم کیے اس میں بھی ضلع ژوب میں آباد تمام اقوام سے تعلق رکھنے والے نوجوان شامل تھے، عوامی نمائندہ ہوں عوام نے مجھے منتخب کیا اور میں نے پہلے دن عوام سے وعدہ کیا کہ میں بلارنگ ونسل عوام کی خدمت کرتا رہونگا، ہر محکمے میں آسامیاں کم ہوتی ہے لیکن اس پر سینکڑوں کے حساب سے نوجوان کاغذات جمع کرتے ہیں جتنے آسامیاں ہوتی ہے اتنا ہی نوجوانوں کے اس پر آرڈر ہوتے ہیں جو بھی بے روزگار نوجوان رہ چکا ہے انشاء اللہ میرا وعدہ ہے کہ ان بے روزگار نوجوانوں کیلئے بھی بھرپور کوشش کرونگا تاکہ ان کے روزگار کا مسئلہ حل ہوجائے، پہلے دن سے آج تک میں نے جتنے بھی نوجوانوں کو تعیناتی کے آرڈر دیے ہیں اس میں ہمارا خاندان یا رشتہ دار کوئی بھی نہیں اور نہ ہی آئندہ ہوگا، ضلع بھر میں اربوں کے حساب سے ترقیاتی کام ہوئے ہیں اس میں کوئی ذاتی کام نہیں ہے تمام تر اجتماعی کام کیے ہیں لیکن مخالفین کو ہمارے بے شمار ترقیاتی و اجتماعی کام ہضم نہیں ہو رہے ہیں اسی ترقیاتی کاموں کی وجہ سے آئے روز لوگ جوق در جوق مٹھا خان کاروان میں شامل ہو رہے ہیں تقریب کے اختتام پر تمام نوجوانوں میں محکمہ صحت کے آرڈر تقسیم کیے۔

# پولیس کو جدید دور کے مطابق تربیت دی جارہی ہے، عبدالخالق شیخ

## افسران اور جوانوں کی قربانیوں کی بدولت امن و امان قائم ہوا‘ عوام کے تحفظ کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے‘ آئی جی پولیس کا تقریب سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ نے کہا ہے کہ بلوچستان پولیس کے افسران اور جوانوں نے جانیں قربان کر کے صوبے میں امن کو برقرار رکھا ہے اے ٹی ایف سکول تربیتی معیار اور افسران و تربیتی عملے کی محنت سے کامیابی کے ساتھ فورس کے جوانوں کو انسداد دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے دور حاضر میں جدید تربیت دی جارہی ہے پولیس عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرےگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے اے ٹی ایف ٹریننگ سکول میں 299 اہلکاروں پر مشتمل 14 ویں بیسک کورس مکمل کرنے والے بیچ کی پاسنگ آوٹ پریڈ کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر کور کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ صالح محمد ناصر، ایڈیشنل آئی جی پولیس جواد احمد ڈوگر، ایڈیشنل آئی جی و کمانڈنٹ بی سی سلمان چوہدری، کمانڈنٹ اے ٹی ایف کرنل (ر) اسد فاروق سمیت دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے۔ آئی جی نے کہا کہ نئے فارغ ہونے والے ریکروٹس کے لئے کورس کا اختتام جبکہ ایک نئے ولولے اور وعدے کی شروعات ہے کہ وہ اپنی ذمہ داری کو سب سے اوّلیت دیں گے پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرےگی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس کے افسران اور جوانوں نے اپنی جانیں قربان کر کے صوبے کے امن کو برقرار رکھا ہے اے ٹی ایف سکول تربیتی معیار اور افسران و تربیتی عملے کی محنت سے کامیابی کے ساتھ فورس کے جوانوں کو انسداد دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے دورے حاضر میں جدید تربیت دی جارہی ہے۔ آئی جی پولیس نے کہا کہ بلوچستان پولیس کے ویلفیئر فنڈ سے پولیس اہلکاروں کے بچوں کو کیڈٹ کالجز میں اعلیٰ تعلیم دینے کیلئے ویلفیئر فنڈ 6 کروڑ سے اضافہ کر کے 17 کروڑ 40 لاکھ کر دیا گیا بلوچستان حکومت محکمہ پولیس کے جوانوں کو تربیت اور دیگر سہولیات کی فراہمی اور معاملات کی بہتری کیلئے مزید اقدامات اٹھا رہی ہے مجھے احساس ہے کہ عوام کے تحفظ کے لئے دی گئی ذمہ داریوں کی وجہ سے کٹھن حالات میں بھی کام کرنا پڑتا ہے جس میں ہمارے افسران اور جوانوں کی زندگی کو بھی خطرہ لاحق ہوتا ہے تاہم وہ فرض کو ہر صورت فوقیت دیتے ہوئے اپنی جان کا نذرانہ تک پیش کر جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس کو جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے تاکہ دہشت گردی کے چیلنجز سے مزید بہتر انداز میں مقابلہ کیا جاسکے بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال میں نمایاں بہتری آئی ہے اور عوام نے سکھ کا سانس لیا ہے عوام کا تحفظ ہماری ذمہ داری ہے جس سے نبرد آزما ہونے کے لئے ٹھوس اقدامات کئے جارہے ہیں اس کے علاوہ پولیس کو دہشت گردی سے نمٹنے کی جدید تربیت دی جارہی ہے تاکہ ملک دشمن عناصر کی بیخ کنی کر کے بلوچستان کو پر امن صوبہ بنایا جاسکے۔ اس موقع پر تربیت حاصل کرنے والے اہلکاروں نے مختلف عملی مظاہرے پیش کیں۔ آئی جی پولیس بلوچستان نے تمام جوانوں کو ٹریننگ مکمل کرنے پر مبارکباد دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ اس تربیت کی بدولت اے ٹی ایف کے جوان اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کریں گے اور ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں مزید نکھار پیدا ہوگا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 DATE: 20 JUN 2023 Page No: 17

## کوئٹہ منشیات فروشوں کیلئے جنت بن چکا، حکومت گرینڈ آپریشن کرائے، بی این پی

نوجوان، خواتین اور بچے بھی منشیات کی لعنت سے متاثر، اس میں پھنس چکے ہیں اس لعنت کو پروان چڑھانا سوچی سمجھی سازش ہے، نصیر شاہوانی

کوئٹہ شہر کے ٹرانسپورٹروں کے مسائل حل اور لوکل بس والوں کو اسٹاپ کی فراہم کیا جائے روڈز کی تعمیر میں سست روی کا نوٹس لیا جائے، اکبر مینگل

روڈ توسیع متاثرین کو مارکیٹ ریٹ پر ادائیگیاں کی جائیں، بصورت دیگر 24 جون کو ریلی نکالیں گے، احمد نواز، عبدالرحیم کاکڑ کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے ارکان اسمبلی، مرکزی انجمن تاجران بلوچستان، لوکل بس اینڈ ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن، سپورٹس کلبز کے رہنماؤں نے عوام کو درپیش مسائل پر 11 نکاتی چارٹر آف ڈیمانڈ پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر فوری طور پر انکے حل کیلئے اقدامات نہیں اٹھائے گئے تو 24 جون کو بلوچستان پل سے صوبائی اسمبلی تک ایک ریلی نکالی جائے گی۔ یہ بات بی این پی کے ارکان اسمبلی ملک نصیر شاہوانی، اکبر مینگل، احمد نواز بلوچ، شکیلہ نوید دہوار، مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، چیئرمین تاجران بلوچستان نگری........ بقیہ نمبر 68 صفحہ 9 پر

حمید ہنگوئی، بشیر ہنگوئی، لوکل بس ایسوسی ایشن کے صدر بابو شفیع لہڑی، موسیٰ خیل بلوچ، غلام نبی مری، لیاقت لہڑی اور دیگر نے کوئٹہ پریس کلب میں مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر بی این پی کے رہنما باسط لہڑی، جمیل بلوچ، شائلہ اسماعیل، جمال لانگو، حکیم طاہر اور دیگر بھی موجود تھے۔ ملک نصیر شاہوانی نے کہا کہ اسوقت کوئٹہ شہر میں سرعام منشیات فروخت ہو رہی ہے جس سے نوجوان اس لعنت میں مبتلا ہو رہے ہیں

INTEKHAB QUETTA

## ہم پشتونوں کی تاریخی سرزمین پر اپنا قومی صوبہ چاہتے ہیں، محمود خان اچکزئی

جس طرح ہر قوم کا اپنا صوبہ، اپنا گورنر، وزیر اعلیٰ ہے اسی طرح پشتونوں کا بھی یہ حق ہے اور اس حق سے ہمیں کوئی بھی محروم نہیں کر سکتا

پشتونوں کو اپنا صوبہ اور حقوق دلانے کیلئے ہمیں صف بندی کرتے ہوئے اپنی قومی، سیاسی، جمہوری جدوجہد مزید آگے بڑھانا ہوگا

سیاست بازیچہ اطفال نہیں، یہ بہت سنجیدہ عمل اور بہترین خدمت ہے، سیاست نہ کرنا بربادی کے مترادف ہے، کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین ملی مشر محمود خان اچکزئی نے پارٹی ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام سٹی تحصیل کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیاست بازیچہ اطفال نہیں، سیاست بہت سنجیدہ عمل اور بہترین خدمت ہے ہم نے اپنی فکر اور سوچ کے........ بقیہ 15 صفحہ نمبر 9 پر

مطابق ملک اور صوبے میں اپنی سیاسی فکر اور شعور سے ایماندارانہ رائے دی تھی اور مسلسل دیتے چلے آرہے ہیں ہم جیسے سیاسی کارکنوں کی رائے کو درخور اعتنا نہ سمجھتے ہوئے جو نقصان ہو چکا ہے وہ آج ناقابل بیان ہے، مزید نقصانات سے بچنے کیلئے بھی ہماری تجاویز ہیں جو وقتاً فوقتاً شائع ہوتی چلی آئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاست نہ کرنا بربادی کے مترادف ہے سیاست ہی کے ذریعے ہم اپنی قوم کے قومی، سیاسی، جمہوری شعور میں اضافہ کر سکتے ہیں انہیں اپنے وطن، سرزمین، وسائل، حقوق سے باخبر رکھ سکتے ہیں

## نادار بلوچستان والوں سے فیس لیکر محب وطن ہونے کا سرٹیفکیٹ دیا جاتا ہے، ہدایت الرحمن

عدلیہ کی عمران خان پر ضمانتوں کی نوازشات کی وجہ سے مجھے بھی ضمانت ملی، لاہور میں پریس کانفرنس

ہماری عزت کو پامال نہ کیا جائے، ہم غلام نہیں، سردار اور نوابوں کو بلوچستان کے مسائل کا ذمہ دار سمجھتا ہوں

کوئٹہ (پ ر) جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی بلوچستان اور حق دو تحریک کے چیئرمین مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے جماعت اسلامی پاکستان کے سیکرٹری اطلاعات، قیصر شریف اور نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالکبیر شاکر کے ہمراہ لاہور پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ حقوق بلوچستان تحریک کا واحد مقصد آئین پاکستان کے مطابق صوبہ کے عوام کے بنیادی حقوق کا بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر

حصول ہے، ہمیں خیرات نہیں چاہیے، وسائل سے مالا مال سرزمین کے مالک ہیں، مگر صوبہ میں سب سے زیادہ محرومیاں اور غربت ہے۔ ساڑھے چار ماہ جیل میں رہا، قصور صرف صاف پانی کا مطالبہ تھا، سی پیک اور گوادر پورٹ کی اہمیت سے آگاہ ہیں، جو حق مانگتا ہے اسے غدار قرار دینے کی روش بند ہونی چاہیے، بلوچستان کا نوجوان ظلم سے تنگ آ کر پہاڑوں پر گیا، ہم سب پاکستانی ہے، ہمیں تیسرے درجے کا شہری نہ سمجھا جائے لیکن کو نہیں، وڈیروں، سرداروں اور اسلام آباد میں بیٹھے ان کے سرپرستوں کو بلوچستان کی محرومیوں کا ذمہ دار سمجھتا ہوں۔ گوادر پورٹ بنا تو ہمیں بتایا گیا کہ اس سے بلوچستان کی تقدیر تبدیل ہوگی، کون سا بے

وقوف ہوگا جو ترقی نہیں چاہتا۔ ہم نے مسلسل جدوجہد کی لیکن ہمارا حق نہیں ملا، یورپ سے موازنہ تو دور کی بات، بلوچستان لاہور سے بھی پانچ سو سال پیچھے ہے، کوئٹہ سے گوادر تک ایک بھی ہسپتال نہیں، بلوچستان کی مائیں بہنیں بخار تک کے علاج کے لیے کراچی جانا پڑتا ہے۔

## بلوچستان کا بجٹ کرپشن و کمیشن میں جاتا ہے، عبدالحق ہاشمی

بدعنوانی 70 فیصد ہو رہی ہے عوامی مسائل کے حل کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ بجٹ الفاظ کا گورکھ دھندہ ہے بجٹ دیانت دار لوگ تیار نہیں کرتے اور جو بجٹ پیش کیا جاتا ہے بقیہ نمبر 61 صفحہ 7 پر

اس پر عمل درآمد نہیں ہوتا ترقیاتی بجٹ میں ستر فیصد کرپشن و کمیشن مافیاز کھا جاتے ہیں روزگار فروخت ہوتا ہے۔ بجٹ برائے نام، حکمران مقتدر قوتیں دونوں ہاتھوں سے قومی خزانہ اور عوام کو لوٹ رہے ہیں۔ بلوچستان میں بدعنوانی 65 سے 70 فیصد ہونے کی وجہ سے بلوچستان پسماندہ، عوام بدحال اور تباہ ہے یہ سب کیلئے لمحہ فکریہ، حکمرانوں، مقتدر طاقتوں کے منہ پر طمانچہ ہے۔

## مولانا فضل الرحمان سے سردار اختر مینگل کا ٹیلیفونک رابطہ

ملکی بالخصوص بلوچستان کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال، جلد ملاقات پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل نے ٹیلیفونک رابطہ کیا جس میں ملکی بالخصوص بلوچستان کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اور اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ جلد دونوں رہنما اسلام آباد میں ملاقات کر کے آئندہ کی حکمت عملی کے حوالے سے بات چیت کریں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 3

DATE: 20 JUN 2023

Page No: 16


# کوئٹہ شہر کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے، نصیر شاہوانی

## سریاب، قمبرانی، سبزل، ہزار گنجی روڈ کی تعمیر سست روی کا شکار ہے

### چارٹر آف ڈیمانڈ کیلئے 24 جون کو ریلی نکالیں گے، تاجر، ٹرانسپورٹ رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے ارکان صوبائی اسمبلی، مرکزی انجمن تاجران بلوچستان، لوکل بس اینڈ ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن اور سپورٹس کلبز کے رہنماؤں نے حکومت کو 11 نکاتی چارٹر آف ڈیمانڈ پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر مسائل کے حل کیلئے (باقی صفحہ 7 نمبر 17)

اقدامات نہ اٹھائے گئے تو 24 جون کو صوبائی اسمبلی تک ریلی نکالی اور آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا۔ یہ بات بی این پی کے پارلیمانی لیڈر ملک نصیر شاہوانی نے ارکان صوبائی اسمبلی اکبر مینگل، احمد نواز بلوچ، شکیلہ نوید دہوار، مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، چیئرمین تاجران بلوچستان نگری حمید بنگلزئی، بشیر بنگلزئی، لوکل بس ایسوی ایشن کے صدر بابو شفیع لہڑی، موسیٰ بلوچ، غلام نبی مری، لیاقت لہڑی اور دیگر کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر باسط لہڑی، جلیلہ بلوچ، ثنائلہ اسماعیل، جمال لانگو، حکیم طاہر سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ ملک نصیر شاہوانی نے کہا کہ کوئٹہ شہر کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے۔ سریاب روڈ، قمبرانی روڈ لنک، مارکیٹ ہزار گنجی روڈ، مغربی بائی پاس، سبزل روڈ، لنک سریاب قمبرانی بائی پاس روڈ کی تعمیر سست روی کا شکار ہے اور تعمیر میں غیر معیاری اور ناقص میٹریل استعمال اور علاقہ کے تاجروں اور مکینوں کو دیا جانے والا معاوضہ مارکیٹ ریٹ کے مطابق نہیں، ٹرانسپورٹروں کو درپیش مسائل حل اور لوکل بسوں کے لئے اسٹاپ کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر اور سریاب میں بجلی اور گیس کی بلاجواز بندش و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور اوور بلنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا کر رکھ دی ہے، منشیات کی لعنت نے سریاب کو مکمل لپیٹ میں لے لیا ہے جس پر حکومتی سرد مہری یا چشم پوشی قابل مذمت ہے، انہوں نے کہا کہ سرکاری اسپتالوں میں طبی سہولیات کی کمی، ڈاکٹروں اور ادویات کی عدم دستیابی کی وجہ سے مشکلات کا سامنا ہے۔ بی ایم سی میں خالق فرہاد کی ہمشیرہ دوران علاج موت کا فوری نوٹس لیا اور غفلت کے مرتکب عملے کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ سریاب روڈ کی آبادی و ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے نادرا آفس کا قیام عمل میں لایا جائے انہوں نے کہا کہ ایرانی پٹرول کے کاروبار پر پابندی کی وجہ سے نوجوانوں کی بڑی تعداد بے روزگار ہوگئی فروخت پر پابندی ختم کرے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں طلبا کو بہت سے مسائل درپیش ہیں اسکولوں میں اساتذہ کی کمی کا سامنا ہے جبکہ پرائیویٹ اسکولوں پر چیک اینڈ بیلنس نہیں حکومت اسکولوں میں سہولیات کی فراہمی اور اساتذہ کی کمی دور کرے۔ انہوں نے کہا کہ کھیلوں کے میدان نہ ہونے کی وجہ سے نوجوان بے راہ روی کا شکار ہو رہے ہیں حکومت کھیلوں کے میدانوں کے قیام اور نوجوانوں کو کھیلوں کے بہترین مواقع کی فراہمی کو یقینی بنائے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 DATE: 20 JUN 2023 Page No: 17

## سرکی روڈ کباڑی گلی میں فائرنگ، رہزن ہلاک، دوسرا گرفتار، تھانیدار زخمی

**بینک سے کیش لے جانے والوں کو لوٹنے کیلئے جا رہے تھے، وزیراعلیٰ کا اظہار اطمینان، ٹیم کیلئے انعام کا اعلان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سرکی روڈ کباڑی گلی میں پولیس اور رہزنوں میں فائرنگ کے تبادلہ میں ایک رہزن ہلاک دوسرے کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا، رہزنوں کی فائرنگ سے ایس ایچ او انڈسٹریل بھی زخمی ہوگیا۔ پولیس نے ملزمان کا اسلحہ اور موٹر سائیکل قبضے میں لے لی۔ وزیراعلیٰ نے سماج دشمن اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کی کارکردگی کو سراہا ہے۔ پولیس کے مطابق انڈسٹریل تھانے کا ایس ایچ او شہزاد بیگ دیگر عملے کے ہمراہ گزشتہ روز سرکی روڈ پر معمول کی گشت کر رہا تھا وہ جیسے ہی کباڑی گلی میں پہنچا اور ناکہ لگا کر چیکنگ کر رہا تھا کہ دو مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا تاہم موٹر سائیکل پر سوار افراد نے پولیس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے کی کوشش کی، فائرنگ کے نتیجے میں ایس ایچ او شہزاد بیگ زخمی ہو گیا تاہم جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے جوابی فائرنگ کی جس کے نتیجے میں دو رہزن غلام حسین اور سیفل خان زخمی ہو گئے جنہیں پولیس نے زخمی حالت میں گرفتار لیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر زخمی ایس ایچ او اور رہزنوں کو ہسپتال پہنچایا جہاں ایک رہزن غلام حسین زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے ہلاک ہو گیا۔ ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد لاش مردہ خانے میں رکھ دی گئی، پولیس نے بتایا کہ زخمی رہزن سیفل خان پولیس کو کئی مقدمات میں مطلوب تھا ابتدائی تفتیش میں ملزم نے بتایا کہ وہ بینک سے کیش لے جانے والوں کو لوٹنے کیلئے جا رہے تھے، پولیس نے ملزمان کا اسلحہ اور موٹر سائیکل قبضے میں لے لی۔ آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ اور ڈی آئی جی کوئٹہ غلام اظفر مہیسر نے ایس ایچ او اور ان کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ پولیس افسران و جوان اپنی جانوں کی پرواہ کئے بغیر عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتیں بروئے کار لا رہی ہے آئی جی نے ٹیم کیلئے انعام کا اعلان بھی کیا ہے۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ پولیس نے گزشتہ دو دنوں کے دوران کوئٹہ اور گردونواح میں چوری شدہ اسلحہ کی برآمدگی اور منشیات تیار کرنے کی فیکٹری کو تلف کرنے اور ان میں ملوث عناصر کی گرفتاری پر ڈی آئی جی کوئٹہ کیپٹن (ر) غلام اظفر مہیسر اور ان کی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ پولیس اپنی اس کارکردگی کو برقرار رکھتے ہوئے عوام کی جان و مال کے تحفظ اور شہر میں دیرپا امن کے قیام کو یقینی بنائے گی۔ حکومت کی مکمل سرپرستی اور تعاون پولیس کو حاصل رہے گا۔

## لکپاس، کسٹمز نے 18 کروڑ روپے کا غیر ملکی سامان قبضے میں لے لیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) لکپاس کسٹم چیک پوسٹ پر دوران چیکنگ 18 کروڑ روپے مالیت کا غیر ملکی سامان قبضے میں لے لیا گیا۔ کسٹم ذرائع کے مطابق کوئٹہ کسٹمز کے فیلڈ انفورسمنٹ نے لکپاس چیک پوسٹ پر دوران چیکنگ 2100 پارسل چینی، 5 نان کسٹم پیڈ گاڑیاں، 305 ٹائرز، 2500 سگریٹس کارٹن، ایک کروڑ روپے مالیت کی چھالیہ، یوریا کھاد، الیکٹرونکس کا سامان، ڈیزل، پٹرول اور دیگر اشیاء برآمد کر کے قبضے میں لے لیں۔ پکڑے جانے والے سامان کی قیمت 18 کروڑ روپے ہے، کسٹمز حکام نے ایف سی کے تعاون سے ایک اور کارروائی کرتے ہوئے ایرانی زمیاد سے 1200 پارسلز چینی، گیس باوزر سے 235 پارسلز چینی، انار دانہ کی آڑ میں ایک مزدا سے 58 پارسلز چینی اور پنجپائی کے مقام پر ایک آئل ٹینکر باوزر سے 380 پارسلز چینی قبضے میں لے لی گئی۔ ترجمان کے مطابق چینی کی اسمگلنگ کے دوران استعمال ہونے والی گاڑیوں کو بھی قبضے میں لے لیا گیا۔ مزید کارروائی جاری ہے۔

## کوئٹہ: ڈکیت گروہ کے سرغنہ سمیت 3 ملزمان گرفتار، سونا چاندی و نقدی برآمد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سریاب پولیس نے ڈکیت گروہ کے سرغنہ سمیت 3 ملزمان کو گرفتار کر کے 5 کلو چاندی بھاری مقدار میں سونا نقدی اسلحہ قبضے میں لے لیا، پولیس کے مطابق پولیس کو اطلاع ملی تھی کہ سریاب کے مختلف علاقوں میں ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث گروہ کا سرغنہ اپنے ساتھیوں کے ہمراہ سریاب میں موجود ہے، جس پر ٹیم تشکیل دی گئی جس نے دیگر عملے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے گروہ کے سرغنہ عطاء اللہ اسکے ساتھیوں، شمس اللہ، عصمت اللہ کو گرفتار کر کے لاکھوں روپے بھاری مقدار میں سونا اور 5 کلو چاندی 2 پسٹل 1 کلاشنکوف اور متعدد راونڈز قبضے میں لے لئے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4 DATE: 20 JUN 2023 Page No: 18

# پاکستان کوسٹ گارڈز کی اوتھل میں کارروائی، کروڑوں مالیت کی کرسٹل اور آئس برآمد

**خفیہ اطلاع پر لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل میں المعراج ہوٹل کے قریب مشکوک گاڑی کو رکنے کا اشارہ کیا نہ رکنے پر تعاقب کیا جس پر ملزمان گاڑی چھوڑ کر فرار ہو گئے**

**گاڑی کی تلاشی سے ساڑھے چار کلو کرسٹل اور پانچ کلو آئس برآمد ہوئی منشیات کی عالمی مارکیٹ میں مالیت 1.23 ملین ڈالر ہے، ترجمان پاکستان کوسٹ گارڈز**

اوتھل (نامہ نگار) پاکستان کوسٹ گارڈز کی اوتھل میں کارروائی کرسٹل اور آئس برآمد، گزشتہ روز پاکستان کوسٹ گارڈز نے خفیہ اطلاع پر بلوچستان کے ضلع لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل میں المعراج ہوٹل کے قریب ایک مشکوک گاڑی کو رکنے کا اشارہ کیا جس پر ملزمان نے گاڑی کی رفتار تیز کرتے ہوئے فرار ہونے کی کوشش کی، کوسٹ گارڈز کے جوانوں نے گاڑی کا تعاقب کیا تو ملزمان گاڑی چھوڑ کر فرار ہو گئے کوسٹ گارڈز کے جوانوں نے گاڑی کی تلاشی لی اور 4.5 کلوگرام کرسٹل اور 5 کلوگرام آئس برآمد ہوئی اس حوالے سے بتایا جاتا ہے کہ پکڑی جانے والی منشیات کی عالمی مارکیٹ میں مالیت تقریباً 1.23 ملین ڈالر کے لگ بھگ ہے پاکستان کوسٹ گارڈز کے ترجمان کے مطابق پاکستان کوسٹ گارڈز ہر قسم کی اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے ہمہ وقت مصروف عمل ہے پاکستان کوسٹ گارڈز ملکی معیشت کو مستحکم کرنے میں اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔

**CLIPPING SERVICE**

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 5　　DATE: 20 JUN 2023　　Page No: 20

# سرکاری اسپتالوں کا برا حال مریض خوار

محکمہ صحت میں ایمرجنسی کا دعویٰ بیانات تک محدود، سر درد کی گولی تک دستیاب نہیں، لوگ نجی میڈیکل اسٹور مافیا کے رحم وکرم پر آ گئے، ڈاکٹرز کی مبینہ غفلت سے اموات بڑھ گئیں

**محکمے میں سزا اور جزا کے نظام کا فقدان، متعدد سیکریٹریز کے تبادلوں کے بعد بھی شعبہ طب کی حالت زار نہ بدل سکی، عام آدمی براہ راست متاثر، عوام کا وزیر اعلیٰ سے نوٹس کا مطالبہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان کے محکمہ صحت میں ایمرجنسی کا دعویٰ بیانات کی حد تک محدود ہو گیا، سرکاری اسپتالوں میں سر درد تک کی گولی دستیاب نہیں، لوگوں کو نجی میڈیکل اسٹور مافیا کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا، ڈاکٹرز کی مبینہ غفلت کے سبب لوگوں کی اموات کے واقعات بھی معمول بن گئے، محکمے میں سزا اور جزا کا کوئی نظام موجود نہیں، پچھلے ڈیڑھ سال کے دوران متعدد سیکریٹریز کے تبادلوں کے بعد بھی طب کے شعبے کی حالت زار بدل نہ سکی، تفصیلات کے مطابق متعلقہ حکام کی مبینہ عدم توجہی کے سبب بلوچستان میں دیگر محکموں کی طرح طب کا شعبہ بھی زبوں حالی کا شکار ہے، صوبے میں ہیلتھ ایمرجنسی کے نفاذ کے باوجود مشاہدے میں دعوے کی تصدیق نہیں کی جا سکتی، کوئٹہ کے بڑے سرکاری اسپتالوں سول اسپتال، بولان میڈیکل کمپلیکس اسپتال، شیخ زید اسپتال و دیگر اسپتالوں میں صورتحال اتنی ابتر ہو چکی ہے کہ وہاں پر مریضوں کے لئے دوائیں ناپید ہو چکی ہیں، سول اسپتال کے شعبہ حادثات جانے والے مریضوں کے لئے سرنج، کینولا اور میڈیکل ٹیپ تک دستیاب نہیں، علاج کے لئے والے مریضوں کو پرچی تھما کر نجی میڈیکل اسٹور بھیج دیا جاتا ہے جہاں پر مبینہ طور پر ڈاکٹرز کا کمیشن مقرر ہے جو سادہ لوح مریضوں کو مختلف کمپنیوں کے غیر معیاری اور جعلی دوائیں تجویز کر دیتے ہیں، سالانہ کروڑوں روپے اخراجات کے بعد بھی مریضوں کو اسپتال میں ایک سر درد کی گولی تک نہیں ملتی، خطیر فنڈز کا مصرف معلوم نہیں ہو سکا، دوسری جانب سرکاری اسپتالوں میں ڈاکٹرز کی مبینہ غفلت اور ڈیوٹی سے غیر حاضری سے آئے روز مریضوں کی اموات کے واقعات بھی رونما ہو رہے ہیں مگر شعبہ طب میں ناقص انتظامات کی وجہ سے سزا اور جزا کا کوئی نظام موجود نہیں، عام آدمی براہ راست متاثر ہو رہا ہے، صوبائی وزیر صحت سید احسان شاہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا تھا کہ فارماسسٹس کی غیر حاضری اور فرائض میں غفلت برتنے کے سبب مارکیٹ میں غیر معیاری اور جعلی دواؤں کی بھرمار ہے جس سے لوگوں کی صحت پر برے اثرات مرتب ہو رہے ہیں، عوامی حلقوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ شعبہ طب میں مبینہ طور پر ناقص انتظامات اور فرائض میں غفلت برتنے، دواؤں کے نام پر فنڈز ہڑپ کرنے والے عناصر کے خلاف کارروائی کر کے فارماسسٹس سمیت دیگر ذمہ داروں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

# مرغی کا گوشت 700 روپے فی کلو تک جا پہنچا، انتظامیہ تماشائی

اچانک فی کلو 40 روپے بڑھ گئے، پرائس کنٹرول کمیٹیاں غیر فعال، عوام کو منافع خور مافیا کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا

**مہنگائی نے کمر توڑ دی، حکومت کوئی اقدامات نہیں کر رہی، منافع خور مافیا کو کھلی چھوٹ دیدی گئی، شہریوں کی دہائی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ میں مرغی کے گوشت کی قیمت میں ہوشربا اضافے کا سلسلہ جاری ہے، 40 روپے بڑھنے کے بعد برائلر مرغی فی کلو 700 روپے میں فروخت کی جا رہی ہے، ضلع انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹیاں غیر فعال ہو گئیں، عوام کو منافع خور مافیا کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا، شہریوں نے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا، تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں مرغی کی قیمت میں اضافے کا رجحان برقرار ہے، گزشتہ دنوں دکانداروں نے برائلر مرغی کے گوشت کی قیمت میں 40 روپے اضافہ کر دیا جس کے بعد برائلر مرغی فی کلو 660 روپے سے بڑھ کر 700 روپے ہو گئی، شہریوں نے بتایا کہ ہوشربا مہنگائی کی لہر نے شہریوں کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے، حکومت کوئی اقدامات نہیں کر رہی، منافع خور مافیا کو اضافی پیسے بٹورنے کے لئے کھلی چھوٹ دیدی گئی، ضلع انتظامیہ کے ماتحت پرائس کنٹرول کمیٹیاں بھی عرصہ دراز سے غیر فعال ہیں جس کا فائدہ منافع خور مافیا کو مل رہا، انہوں نے بتایا کہ حکومت مہنگائی کنٹرول کرنے میں ناکام ہو چکی، مٹن کا گوشت ویسے بھی غریب اور متوسط طبقے کی قوت خرید سے باہر ہو گیا، آئے روز مرغی کے گوشت کی قیمتیں بڑھا کر شہریوں کو مرغی کا گوشت کھانے سے محروم کیا جا رہا۔ دوسری جانب مرغی کے گوشت کی قیمت بڑھنے سے دکانوں پر رش بھی کم ہو رہا جس سے دکاندار بھی پریشان ہیں، پولٹری شاپ مالکان اور دکاندار چکن فیڈ کی قیمت میں اضافے اور پیداوار میں کمی کو قیمت بڑھنے کی وجہ قرار

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6    DATE: 20 JUN 2023    Page No: 21


## سیکورٹی فورسز کی دو بڑی کامیابیاں

ملک کی سیکورٹی فورسز کو درہ آدم خیل میں دہشت گردوں کے خلاف آپریشن میں ایک اور اہم کامیابی ملی ہے جس میں انتہائی مطلوب کمانڈر ظفر عرف ظفری اپنے دو ساتھیوں حسن خان اور انس سمیت مارا گیا۔ 26 گرنیڈ حملوں میں ملوث یہ شخص درہ آدم خیل کا رہائشی تھا اور 22 مئی کو افغانستان کے صوبہ ننگر ہار سے پشاور پہنچا تھا۔ دوسری طرف کالعدم دہشتگرد تنظیم بلوچ لبریشن فرنٹ کا کمانڈر نواز علی رند اپنی اندرونی لڑائی میں مارا گیا۔ بلوچستان کے علاقے آواران سے تعلق رکھنے والا یہ شخص 2014ء میں بی ایل ایف کا رکن بنا اور سیکورٹی فورسز پر متعدد حملوں میں مطلوب تھا۔ سربراہ کالعدم بی این اے گلزار امام شمبے کی گرفتاری کے بعد بلوچستان کے عسکریت پسند گروپوں میں بھی پھوٹ پڑنے کی اطلاعات ہیں اور علیحدگی پسند تنظیمیں دباؤ کا شکار ہیں، گھیرا تنگ ہونے سے دہشتگرد اپنے ہی کمانڈروں کو مارنے لگے ہیں۔ یہ ہلاکت بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ 2023ء کا آغاز خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردی کے واقعات میں یکا یک اضافوں سے ہوا تھا اور سب سے زیادہ پولیس اور فوجی افسروں اور اہلکاروں کو نشانہ بنایا گیا لیکن بنوں میں سی ٹی ڈی کمپاؤنڈ میں یرغمال بنائے گئے اسکے اہلکاروں کو بچانے کیلئے کئے جانے والے آپریشن سمیت ہونے والی تسلسل کیساتھ کامیابیوں نے دہشت گردوں کی کمر توڑ دی جس کی نتیجے میں ان میں گروپ بندی نے جنم لیا۔ گذشتہ دنوں ایک گروپ کی جانب سے ہتھیار ڈالنے پر غور و خوض کی بازگشت بھی سنی گئی دہشت گردوں کے پست ارادوں سے پیدا شدہ اس صورتحال میں قوم توقع کرتی ہے کہ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک سیکورٹی فورسز ان پر اپنا یہ دباؤ برقرار رکھتے ہوئے ملک کو دہشت گردی سے مکمل طور پر پاک کرنے میں کامیاب ہوں گی۔

ادار یہ پر ایس ایم ایس اور واٹس ایپ رائے دیں 00923004647998

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

DATE: 20 JUN 2023

Page No: 23


## بلوچستان کے عوام کے مسائل کا حل ہماری ذمہ داری اور فرض ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کے مسائل کا حل ہماری ذمہ داری اور فرض ہے کوشش ہے کہ صوبے کو آئندہ مالی سال کے لیئے ایک متوازن اور عوام دوست بجٹ دیں آمدنی اور اخراجات میں توازن برقرار رکھتے ہوئے ترقیاتی عمل کو آگے بڑھائیں ایسے منصوبوں کو ترجیح دیں جن سے عوام کی معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے اور انکی آمدنی میں اضافہ سے غربت کی اثرات میں کمی آئے اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ اس وقت صوبے کی آمدنی کا انحصار این ایف سی سے حاصل ہونے والے حصہ پر ہے تاہم بہت سے عوامل ہیں بلوچستان کے عوام کے مسائل کا حل ہماری ذمہ داری اور فرض ہے کوشش ہے کہ صوبے کو آئندہ مالی سال کے لیئے ایک متوازن اور عوام دوست بجٹ دیں آمدنی اور اخراجات میں توازن برقرار رکھتے ہوئے ترقیاتی عمل کو آگے بڑھائیں ایسے منصوبوں کو ترجیح دیں جن سے عوام کی معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے اور انکی آمدنی میں اضافہ سے غربت کی اثرات میں کمی آئے اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ اس وقت صوبے کی آمدنی کا انحصار این ایف سی سے حاصل ہونے والے حصہ پر ہے تاہم بہت سے عوامل ہیں جن کی وجہ سے این ایف سی کی افادیت جمود کا شکار ہے اور وفاقی محاصل سے وقت کی ضروریات کے مطابق ہمارا حصہ نہیں مل رہا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہمیں احساس ہے کہ بلوچستان کی ترقی کے اہداف کے حصول اور انکی پسماندگی کے خاتمے کے لیئے ہمیں اپنے ذرائع آمدن میں اضافہ کرنا ہوگا اور وفاقی محاصل پر انحصار کم سے کم کرنا ہوگا اگر ہم ہمیشہ وفاق کی جانب دیکھتے رہے تو صوبہ آئندہ سو سال تک بھی ترقی نہیں کر سکے گا ہمیں احساس ہے کہ بلوچستان کی ترقی کے اہداف کے حصول اور انکی پسماندگی کے خاتمے کے لیئے ہمیں اپنے ذرائع آمدن میں اضافہ کرنا ہوگا اور وفاقی محاصل پر انحصار کم سے کم کرنا ہوگا اگر ہم ہمیشہ وفاق کی جانب دیکھتے رہے تو صوبہ آئندہ سو سال تک بھی ترقی نہیں کر سکے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ خالق کائنات نے بلوچستان کو ہر قسم کے وسائل سے نوازا ہے جنکی ترقی اور انہیں بروئے کار لا کر ہم بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے ذریعہ انکا معیار زندگی بہتر بنا سکتے ہیں جیسے کہ ہم نے ریکوڈک معاہدہ کر کے بلوچستان کے مفادات کا تحفظ کیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس طرح کے بہت سے ریکوڈک اپنی دریافت کے منتظر ہیں ریکوڈک منصوبہ بلوچستان اور بلوچستانیوں کی تقدیر بدلنے کا منصوبہ ہے اس وقت تک ہم ایک محدود وسائل میں رہتے ہوئے بجٹ بناتے ہیں کبھی چادر سے سر باہر ہوتا تو کبھی پاں باہر نکل جاتے ہیں تاہم ریکوڈک کے طے شدہ معاہدے کے مطابق آئندہ چار سے پانچ سال میں بلوچستان کو ریکوڈک منصوبے سے آمدنی کا آغاز ہو جائے گا اور صوبہ خود انحصاری کی راہ پر گامزن ہوگا پھر ہمیں کسی کی طرف دیکھنے کی ضرورت نہیں پڑے گی بلکہ ہم وفاق کی بھی مدد کرنے کی پوزیشن میں ہونگے۔


92 نیوز کوئٹہ


## کالعدم بی ایل ایف کمانڈر کی ہلاکت

پاکستان کا ایک اور دشمن کالعدم دہشت گرد تنظیم بلوچ لبریشن فرنٹ کا کمانڈر نواز علی رند افغانستان میں پراسرار حالات میں مارا گیا' نواز رند سکیورٹی فورسز پر حملوں میں ملوث تھا اور اس کا تعلق آواران سے تھا۔ دوسری جانب درہ آدم خیل میں سکیورٹی فورسز کی کارروائی میں انتہائی مطلوب دہشت گرد کمانڈر ظفر عرف ظفری دو ساتھیوں سمیت ہلاک کر دیا اور کالعدم بی ایل اے کے ایک کمانڈر راشد بشانی کو گرفتار کر لیا گیا۔ افغانستان میں بی ایل ایف کے کمانڈر نواز رند جیسے دہشت گرد کی ہلاکت اس امر کا ثبوت ہے کہ پاکستانی سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کے بعد دہشت گرد ادھر ادھر بھاگ رہے ہیں اور پناہ لیتے پھر رہے ہیں۔ اس میں شبہ بھی نہیں کہ پاکستان کی سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے بیسیوں ٹھکانے کامیابی سے تباہ کئے ہیں اور سکیورٹی فورسز اور عام شہریوں پر حملوں میں ملوث کئی بدنام دہشت گردوں کو ہلاک کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستانی فورسز کی دہشت گردوں کے خلاف کارروائیوں اور انٹیلی جنس اداروں کی کامیابی کی وجہ سے دہشت گرد تنظیمیں دباؤ کا شکار ہیں۔ بی ایل اے کے گلزار امام شمبے کی گرفتاری کے بعد ان میں پھوٹ پڑ چکی ہے اور گھیرا تنگ ہونے کے بعد یہ دہشت گرد اب ایک دوسرے سے لڑنے اور اپنے ہی کمانڈروں کو مارنے لگے ہیں۔ سکیورٹی فورسز جس طرح دہشت گردوں کے خلاف مسلسل کامیاب کارروائیاں کر رہی ہیں اس کے نتیجہ میں پاک سرزمین کو جلد ہی دہشتگردوں کے وجود سے پاک کر دیا جائے گا۔

## Balochistan seeks more medical seats

By Saleem Shahid

QUETTA: The Balochistan cabinet has sought 33 additional seats for three medical colleges in the province, according to a handout.

Balochistan Chief Minister Mir Abdul Qudoos Bizenjo sent the request in two separate letters to Federal Health Minister Abdul Qadir Patel and Pakistan Medical and Dental Council President Prof Dr Rizwan Taj.

The educational institutions for which more seats have been requested are Loralai Medical College, Jhalawan Medical College in Khuzdar, and Makran Medical College in Turbat.

"An increase of 11 additional seats for each medical college may be approved," the cabinet said, according to the handout released on Saturday.


# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان






کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے رسالدار میجر گل کاکڑ کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے ڈی ایس ریلوے فرید احمد ملاقات کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 20 JUN 2023 Page No:________



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو صوبائی کابینہ کے بجٹ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو بجٹ دستاویزات پر دستخط کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو کے ہمراہ بجٹ پیش ہونے کے بعد خواتین پارلیمنٹیرینز کا گروپ

Balochistan Time Quetta



QUETTA: Chief Minister Balochistan Abdul Quddus Bizenjo presiding over budget meeting of the provincial cabinet on Monday.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ DATE: 20 JUN 2023 Page No:________



صوبائی وزیر خزانہ انجینئر زمرک خان اچکزئی اور چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی بجٹ
2023-24 کی دستاویزات پر دستخط کر رہے ہیں

Balochistan Time Quetta



**QUETTA:** Chief Minister Balochistan Abdul Quddus Bizenjo presiding over budget meeting of the provincial cabinet on Monday.